| Paper Code Number: 4022 | 2024 (1st-A)<br>انٹر میڈیٹ پارٹ سیکنڈ ( جماعت بارھویں ) | رول نمبر ____________ |
|---|---|---|

| اردو (لازمی) | پرچہ۔ دوسرا | گروپ۔ دوسرا | معروضی | وقت 20 منٹ | کل نمبر = 20 |
|---|---|---|---|---|---|

**سوال نمبر 1** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

MTN-2-24

**نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | وفات کے وقت حضرتِ عمر بن عبد العزیزؒ نے کل ____ دینار ترکے میں چھوڑے۔ | تیرہ | پندرہ | سترہ | انیس |
| 2 | قادسیہ کی جنگ میں مسلمانوں کے سپہ سالار تھے۔ | سعدؓ بن ابی وقاص | سعدؓ بن عبادہ | سعدؓ بن معاذ | سعدؓ بن عبد الرحمن |
| 3 | حیدر آباد میں نواب محسن الملک نے محکمہ قائم کیا۔ | ڈاک کا | ریل کا | ٹیکس کا | بندوبست کا |
| 4 | مولانا ظفر علی خان اخبار نکالتے تھے۔ | نئی دنیا | زمیندار | زمانہ | الہلال |
| 5 | ٹیلی فون، ریڈیو، ٹیلی ویژن اور موبائل فون میں سب سے پرانی ایجاد ہے۔ | ٹیلی فون | ریڈیو | ٹیلی ویژن | موبائل فون |

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | سلیم ____ لاہور گیا ہی نہیں۔ | کیوں کہ | جب کہ | چوں کہ | تو |
| 7 | ____! کتنی شدید ٹھنڈ ہے۔ | یا | واہ | افوہ | آیا کہ |
| 8 | شادی میں مرد اور عورتیں ____ | آئے | آئیں | آئی | آؤ |
| 9 | سب لڑکیاں ____ ہیں۔ | آئی | آئیں | آئے | آیا |
| 10 | واجد نے پھل، دالیں اور سبزی ____ | خریدیں | خریدو | خریدے | خریدی |

**رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | تفصیلیہ کی علامت ہے۔ | : | :- | ، | ! |
| 12 | وقفہ کا دوسرا نام ہے۔ | نصف وقف | وقفِ لازم | وقفِ مطلق | وقفِ خفیف |
| 13 | استفہامیہ جملے کے آخر میں علامت ہو گی۔ | ندائیہ کی | ختمہ کی | سوالیہ کی | سکتہ کی |
| 14 | کوئی اقتباس نقل کرتے ہوئے علامت لگائی جاتی ہے۔ | فجائیہ کی | داوین کی | سکتے کی | سوالیہ کی |
| 15 | جملہ معترضہ کو لکھا جاتا ہے۔ | سکتے میں | ندائیہ میں | استفہامیہ میں | قوسین میں |

**امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیشِ نظر درست جواب منتخب کیجیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | کرنا | آپ کیا کرتے ہیں؟ | کوئی سلیقہ اختیار کرو۔ | اچھی صحبت میں بیٹھا کرو۔ | دوست! بھروسہ کرو۔ |
| 17 | چکنا | میں تو حساب دے چکا۔ | مجھے قرض چکانا ہے۔ | اُس کا حساب چکا دو۔ | تم نے اچھا بدلہ چکایا۔ |
| 18 | ڈالنا | گلاس میں پانی ڈالو۔ | تیرے غم نے مار ڈالا۔ | کارِ خیر میں حصہ ڈالو۔ | سب نے بھنگڑا ڈالا۔ |
| 19 | پڑنا | وہ میرے پاؤں پڑا۔ | امجد گھر میں پڑا رہتا ہے۔ | اسے مجھ سے کام پڑا۔ | وہ مجھ سے لڑ پڑا۔ |
| 20 | رہنا | کیا خبر میں رہوں نہ رہوں۔ | بچہ کھیلتا رہتا ہے۔ | اب تم رہنے ہی دو۔ | مجھے یہیں رہنا ہے۔ |



PaharloPakistan.com

رول نمبر ____________

**2024 (1st-A)**

انٹر میڈیٹ پارٹ سیکنڈ ( جماعت بارہویں )

| اردو (لازمی) پرچہ۔ دوسرا | گروپ۔ دوسرا | انشائیہ | وقت= 2.40 گھنٹے | کل نمبر = 80 |
|---|---|---|---|---|

نوٹ:۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچہ میں درج ہے۔ MTN-2-24

## حصہ اول

**2۔ (الف)** درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ **10 = 1 + 1 + 8**

سر بہ سر مہر و مُروّت، سر بہ سر صدق و صفا — سر بہ سر لطف و عنایت، سر بہ سر، خیر البشرؐ
صاحبِ خُلقِ عظیم و صاحبِ لطفِ عمیم — صاحبِ حق ، صاحبِ شقُّ القمر، خیر البشرؐ

**(ب)** درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ **10 = 1 + 3 + 3 + 3**

اے ہم سخن وفا کا تقاضا ہے اب یہی — میں اپنے ہاتھ کاٹ لوں، تو اپنے ہونٹ سی
کن بے دلوں میں پھینک دیا حادثات نے — آنکھوں میں جن کی نور نہ باتوں میں تازگی
بول اے مرے دیار کی سوئی ہوئی زمیں — میں جن کو ڈھونڈتا ہوں کہاں ہیں وہ آدمی

## حصہ دوم

**3۔** سیاق وسباق کے حوالہ سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ **15 = 1 + 1 + 3 + 10**

**(الف)** اتفاقاً ایک میدانِ وسیع میں تختہ پھولوں کا کِھلا کہ اس سے عالم مہک گیا مگر بُو اس کی گرم اور تیز تھی۔ تاثیر یہ ہوئی کہ لوگوں کی طبیعتیں بدل گئیں اور ہر ایک کے دل میں خود بخود یہ کھٹک پیدا ہوئی کہ سامان عیش و آرام کا جو کچھ ہے میرے ہی کام آئے اور کے پاس نہ جائے۔ اس غرض سے اس گلزار میں گلگشت کے بہانے کبھی تو فریب کے جاسوس اور کبھی سینہ زوری کے شیاطین آکر چالاکیاں دکھانے لگے، پھر تو چند روز کے بعد اُن کی ذُرّیات یعنی غارت، تاراج، لوٹ مار، آن پہنچے اور ڈاکے مارنے لگی۔

**(ب)** ریڈیو ایجاد تو بلا شبہ مارکونی نے ہی کیا مگر ریڈیائی لہروں کو دریافت کرنے والا کوئی اور تھا اس کا نام ہرٹز تھا۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ہرٹز نے جن ریڈیائی لہروں کو دریافت کیا، ان کے وجود کی پیشین گوئی ایک انگریز ماہر طبیعیات میکس وِل نے محض اپنے نظریے کے زور پر کر دی تھی اور ان فوائد کی بھی پیشین گوئی کر دی تھی جو اس کی دریافت کے بعد اس سے حاصل ہوئے۔ مختصر یہ کہ مارکونی کی ایجاد میکس وِل کے نظریے اور ہرٹز کی دریافت کی مرہون منت ہے۔

**4۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **10 = 1 + 9**

(i) مناقبِ عمر بن عبد العزیزؒ (ii) ایوب عباسی

**5۔** نصاب میں شامل جوش ملیح آبادی کی نظم " سراغِ راہرو " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ **05**

**6۔** مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ **20**

(i) اسلام ایک مکمل ضابطۂ حیات (ii) ماحولیاتی آلودگی اور اس کے سدِّباب
(iii) اردو زبان۔ ضرورت و اہمیت

**7۔** ایک پرانے موبائل فون کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔ **10**



ParhloPakistan.com